**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 5 minutes Marks: 60**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

**حصّہ ٔ نثر:**

سوال۔1 (کل 15 نمبر)

(الف) آپ کے 'مجموعہ ٔ نظم و نثر (درسی کتاب)' میں موجود سبق 'خود کشی' کے کردار زاہد اور اُس کی بیوی اپنی بیٹی کی پیدائش کے بعد اُس کے حوالے سے کس بارے میں فیصلہ نہیں کر پا رہے تھے؟ نیز اُس درپیش معاملے کے حل کے لیے یہ دونوں کس نکتے پر متفق ہوئے؟ بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) آپ کے مجموعہ ٔ نظم و نثر (درسی کتاب) میں شامل سبق 'مائیں' کے مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے بتایئے کہ یہ سبق کس 'صنفِ ادب اردو' سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اُس صنفِ ادب کی تعریف بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ج) ''جناب بھائی صاحِب !

لعنت ہو آپ کی دولت پر اور آپ کے روپے پر جو وقت پر غریب بھائی کے کام نہ آسکا۔۔۔۔ آپ سے تو غیر اچھے ہیں۔ اب ہمیں آپ کی مدد کی بالکل ضرورت نہیں۔ معاف رکھیں اور جو روپیہ آپ ہمیں بھیجنا چاہتے تھے اس سے فریدہ کے کنگن بنوادیں۔ ۔۔۔۔ خدا آپ جیسے بھائیوں سے سب کو محفوظ رکھے، آمین۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'چور' از: اشفاق احمد)

درج بالا نثر پارے کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، ہمارے معاشرے میں رشتے داروں کا آپس میں ایک دوسرے کی مالی مدد نہ کرنے کی بنیادی وجہ بیان کیجیے۔ نیز ہمارے معاشرے میں رشتے داروں کا ایک دوسرے کی مالی مدد کرنے کے جذبے کو فروغ دینے کے حوالے سے کوئی بھی **ایک** تجویز دیجیے۔ (2 نمبر)

(د) ''ایک دن یاروں کی منڈلی میں طے پایا کہ سب کے سب بھکاریوں کے بہروپ بھر کر شہر سے بھیک مانگ کر لائیں۔ چناں چہ اس کھیل میں بھی پطرس ہی سب سے بازی لے گیا۔ جتنے پیسے سب دوستوں نے مل کر حاصل کیے اس سے کئی گنا زیادہ یہ اکیلا کما لایا۔ وہ جس دکان دار یا راہ گیر کے سامنے جا کھڑا ہوتا، کچھ ایسے موٴثر انداز میں سوال کرتا کہ اس بے چارے کو کچھ نہ کچھ دیتے ہی بنتی۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'پطرس بخاری' از: فارغ بخاری)

درج بالا اقتباس کی مثل، آپ اپنے حوالے سے کوئی **ایک** ایسا مزاحیہ واقعہ تحریر کیجیے کہ جس میں آپ نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر کوئی شرارت کی ہو۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ہ) ''سہراب: باپ! پیارے باپ!

رستم: ہائے! تو نے الفت سے، نرمی سے، منت سے کتنی مرتبہ میرا نام پوچھا۔ اس محبت و عاجزی کے ساتھ پوچھنے پر لوہے کے ٹکڑے میں بھی زبان پیدا ہو جاتی۔ پتھر بھی جواب دینے کے لیے مجبور ہو جاتا۔ لیکن اس دو روزہ دنیا کی جھوٹی شہرت اور اس فانی زندگی کے فانی غرور نے میرے ہونٹوں کو ملنے کی اجازت نہ دی۔'' (مجموعۂ نظم و نثر: 'رستم و سہراب' از: آغا حشر کاشمیری)

درج بالا اقتباس کے سیاق و سباق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے بتائیے کہ رستم اپنے کس فعل پر رو رہا ہے اور جس کے پوچھنے پر اُس نے اپنا نام اُسے نہیں بتایا اُس سے اِس کا کیا رشتہ تھا؟ نیز رستم اپنے اس فعل کا ذمہ دار اپنی جس خصلت کو ٹھہرا رہا ہے اُس کی نشان دہی کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(و) ''فرانسیسی قوم کا مذاق اس جہاز کی عمدگی اور نفاست سے ظاہر ہے۔ ہر روز صبح کو کئی آدمی جہاز کی صفائی میں مصروف ہوتے ہیں اور ایسی خوبی سے صفائی کرتے ہیں کہ ایک تنکا تک جہاز پر نہیں رہنے دیتے۔'' (مجموعۂ نظم و نثر: 'مولوی انشاء اللہ خان کے نام' از: علامہ اقبال)

درج بالا اقتباس میں فرض شناسی کی عکاسی کی گئی ہے۔ آپ بتائیے کہ ہمارے نجی یا سرکاری اداروں میں کن معاملات میں فرض شناسی کی اشد ضرورت ہے؟ کوئی دو مثالیں تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

**حصہ نظم:**

سوال۔2 (کل 20 نمبر)

(الف)

دور سے دیکھ کر میں نے اسے پہچان لیا
اس نے اتنا بھی نہیں مجھ سے کہا، کیسے ہو؟

صنفِ سخن 'غزل' کے موضوعات 'عشقِ حقیقی' اور 'عشقِ مجازی' کی تعریف بیان کیجیے۔ نیز درج بالا شعر ان موضوعات میں سے جس سے تعلق رکھتا ہے، شعر سے اُس کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب)

زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنوں کی
اب سنگ مداوا ہے اِس آشفتہ سری کا

درج بالا شعر کا مرکزی خیال مکمل بیان کیجیے۔ (2 نمبر)





AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ج)

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

درج بالا شعر کا مفہوم بیان کیجیے۔ نیز شعر کے مفہوم کے تناظر میں روزمرہ زندگی سے کوئی **ایک** ایسی مثال تحریر کیجیے، جو کہ اس شعر کے مفہوم کی عکاسی کرتی ہو۔ (3 نمبر)

(د)

کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

علمِ بدیع کی صنعت 'تلمیح' کی تعریف بیان کیجیے۔ نیز دیے گئے شعر میں سے صنعتِ تلمیح سے متعلقہ لفظ / الفاظ کی نشان دہی کرتے ہوئے اُس لفظ / اُن الفاظ کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ہ)

وہ کب دیکھ سکتا ہے اُس کی تجلّی
جس انسان نے اپنا جلوہ نہ دیکھا

درج بالا شعر کی تشریح بہ حوالۂ شاعر کیجیے۔ (3 نمبر)

(و)

وقت اچھا بھی آئے گا ناصرؔ
غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی

درج بالا شعر کے 'مطلع' یا 'مقطع' ہونے کی درست نشان دہی کیجیے۔ نیز یہ شعر جس شعری اصطلاح (مطلع / مقطع) سے تعلق رکھتا ہے اُس شعری اصطلاح کی تعریف بیان کرتے ہوئے شعر میں سے اُس کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)


AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

(ز) اصطلاحِ علمِ بیان 'تشبیہ' کی تعریف بیان کیجیے۔ نیز ارکانِ تشبیہ 'مشبہ' اور 'مشبہ بہ' کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔ 3 (کل 15 نمبر)




دیے گئے تصویری خاکے کے پس منظر میں **کہانی** یا **مکالمہ** تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ **کہانی نویسی / مکالمہ نگاری** کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہمارے معاشرے میں موجود دوست نما دشمن لوگوں کا کردار نمایاں کیجیے۔ نیز ایسے لوگوں کے باطل مقاصد شاملِ تحریر کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے ایسے دوست نما دشمن کی حرکات واضح کیجیے۔ نیز ان سے دور رہنے کی نصیحت کے تناظر میں اپنی تحریر کا احاطہ کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

5۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیے۔

**کہانی / مکالمہ**

**عنوان:** ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

**مکتوب نگاری:**

سوال۔4 (کل 10 نمبر)

| |
|---|
| ''تن درستی ہزار نعمت ہے۔ اگر آپ تن درست ہیں تو دنیا کی ہر چیز خوب صورت ہے، ہر نعمت لازوال ہے۔ ہم میں سے ہر شخص اچھی زندگی اور اچھے مستقبل کا خواہاں ہے اور اس کے لیے محنت اور جدوجہد کرتا ہے، لیکن کام یابی کی اس دوڑ میں ہم اکثر صحت کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ کام کے ساتھ صحت کا خیال بھی بے حد ضروری ہے۔'' (https://www.urdunews.com) |

درج بالا اقتباس کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے، جس میں اُن کے توسط سے لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر ہوں:

- معاشرتی فلاح و بہبود کے حوالے سے اخبار کے کردار کی تعریف،
- ہمارے گرد و پیش صحت کے عمومی مسائل،
- صحت خراب کرنے والی غذا،
- صحت خراب کرنے والی طرزِ زندگی،
- صحت اچھی بنانے والی غذا،
- صحت مند رہنے کے حوالے سے کوئی تجویز۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only